Anti-Racism Policy

Information for parents and carers

نسل پرستی کے خلاف پالیسی

والدین اور نگرانوں کے لیے معلومات

نسل پرستی سے طالبعلموں کی فلاح، سکول میں شرکت اور تعلیمی نتائج پر اثر پڑتا ہے۔ NSW کے پبلک سکولوں میں نسل پرستی اور نسل پرستانہ رویّے کو برداشت نہیں کیا جاتا۔

یہ پالیسی کن معاملات سے تعلق رکھتی ہے؟

Anti-Racism Policy (نسل پرستی کے خلاف پالیسی) سکول کے ماحول میں احترام اور ہم آہنگی کو فروغ دیتی ہے۔ اس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ تہذیب، زبان یا مذہبی پس منظر سے قطع نظر تمام طالبعلموں کو منصفانہ تعلیمی مواقع حاصل ہوں۔ یہ پالیسی:

- ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر اقوام پر نسل پرستی کے اثرات کو تسلیم کرتی ہے
- یہ یقینی بناتی ہے کہ سکول تمام طالبعلموں سے بلند توقعات رکھیں اور طالبعلموں کےکسی گروہ کے لیے اس کی تہذیب، مذہب یا لسانی پس منظر کی وجہ سے اپنے تمام مواقع حاصل کرنے میں رکاوٹ نہ پڑے
- سکول کمیونٹی کے تمام ارکان سے تقاضا کرتی ہے کہ وہ خود اپنے طرزعمل کے بارے میں سوچیں اور یقینی بنائیں کہ ان کی حرکتوں سے دوسرے لوگوں کو نسل پرستانہ سلوک کا تجربہ نہ ہو
- تمام عملے کو تربیت مکمل کرنے کا پابند کرتی ہے تاکہ وہ نسل پرستی کی روک تھام کے لیے اپنی ذمہ داریاں سمجھتا ہو
- ہر سکول کو نسل پرستی کے خلاف ایک تربیت یافتہ رابطہ افسر رکھنے کا پابند کرتی ہے۔

نسل پرستی کے خلاف رابطہ افسر سے کیا مراد ہے؟

نسل پرستی کے خلاف رابطہ افسر (Anti-Racism Contact Officer (ARCO)) پرنسپل کا نامزد کردہ استاد ہوتا ہے جو سکول میں نسل پرستی کے خلاف تعلیم میں رہنمائی کرتا ہے۔ ARCO پرنسپل کو اس طرح مدد دیتا ہے:

- عملے میں طالبعلموں کی تحصیل علم اور فلاح پر نسل پرستی کے اثرات کے شعور کو فروغ دے کر
- طالبعلموں اور عملے کو یہ مشورہ دے کر کہ جب وہ نسل پرستی کے واقعات دیکھیں یا سنیں تو ان کا ردّعمل کیسا ہونا چاہیے
- یہ مشورہ دے کر کہ سکول نسل پرستی سے نبٹنے کے لیے کونسی تدابیر عمل میں لا سکتا ہے۔

ARCO والدین اور نگرانوں، اور اساتذہ اور طالبعلموں کو نسل پرستی کے متعلق رپورٹوں کے حل کے طریق کار کے بارے میں معلومات دینے کی تربیت رکھتا ہے۔ اگر درخواست کی جائے تو ARCO شکایات کے حل کے عمل کے دوران support person or advocate (مددگار شخص یا حمایتی) کا کردار بھی ادا کر سکتا ہے۔

اگر میرے بچے کو سکول میں نسل پرستی کا تجربہ ہو رہا ہو تو؟

اگر آپ کے بچے کو سکول میں نسل پرستی کا تجربہ ہو رہا ہے تو آپ کو اس کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے کہ وہ کسی استاد یا سکول میں نسل پرستی کے خلاف رابطہ افسر کو اس کی رپورٹ کرے یا بچے کی طرف سے آپ اس کی رپورٹ کر سکتے ہیں۔

میں سکول میں نسل پرستی کے متعلق رپورٹ کیسے کروں؟

والدین اور نگرانوں اور عملے اور اساتذہ سمیت سکول کمیونٹی کا کوئی بھی رکن نسل پرستی کے متعلق report (رپورٹ) کر سکتا ہے۔ نسل پرستی کی رپورٹیں پرنسپلوں، نسل پرستی کے خلاف رابطہ افسران یا عملے کے کسی رکن کو دی جا سکتی ہیں۔ رپورٹ ذاتی طور پر آ کر، یا ای میل پر یا فون پر کی جا سکتی ہے اور ڈیپارٹمنٹ کے feedback and complaint form (آراء اور شکایات دینے کے لیے فارم) کے ذریعے آن لائن رپورٹ بھی کی جا سکتی ہے۔

آن لائن نسل پرستانہ سلوک کے سلسلے میں کیا ہوتا ہے؟

سکول سے تعلق رکھنے والے آن لائن نسل پرستانہ سلوک، جیسے طلبا کسی طالبعلم یا تہذیبی گروہ کو نسل پرستی کا نشانہ بنائیں، کی رپورٹ اوپر بتائے گئے طریقے سے سکول کو کی جانی چاہیے۔ اس بارے میں eSafety Commissioner website (eSafety کمیشنر کی ویب سائیٹ) پر Online safety ((آن لائن سیفٹی) کے تحت یہ مشورے دیکھیں کہ آن لائن کیسے محفوظ رہا جائے۔

مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

مزید معلومات کے لیے Anti-racism education (نسل پرستی کے خلاف تعلیم) دیکھیں۔

زبانی ترجمے کے لیے مدد

اگر آپ کو سکول سے بات کرنے یا عملے کے کسی رکن سے اپائنٹمنٹ لینے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔

آپریٹر کو سکول کا فون نمبر بتائیں اور آپریٹر سکول کو فون کرے گا اور بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا۔

اگر آپ کو سکول کے عملے کے ساتھ میٹنگوں کے دوران انٹرپریٹر کی ضرورت ہو تو سکول سے انٹرپریٹر کا انتظام کرنے کو کہیں۔دستیابی پر منحصر، سکول موقع پر موجود، آن لائن یا فون پر انٹرپریٹر کا انتظام کر دے گا۔ ترجمے کی خدمات کے لیے آپ سے معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔